ilmkidunya
علم کی دنیا

Sociology - FA Part 2 Sociology Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. ہڑپ کیسے دریافت ہوا.

Ans 1: جب لاہور اور ملتان کے درمیان ریلوے لائن بچھائی گئی تو ٹھیکیداروں نے ہڑپہ کو کھود کر کثیر تعداد میں اینٹیں نکالیں. ان سے ساہیوال اور خانیوال تک سو میل لمبی پٹڑی بچھائی گئی اور ارد گرد کے رہنے والوں نے اینٹیں چوری کرکے مکانات تعمیر کرلیے جن سے بہت سے آثار قدیمہ تباہ ہوگئے آخر حکومت نے 1921 میں باقاعدہ کھدائی کرائی تو ایک نہایت قدیم تہذیب کا شہر ہڑپہ دریافت ہوا.

Q2. مسلمانوں نے برصغیر میں کون سا لباس متعارف کرایا.

Ans 1: مسلمانوں مردوں کا لباس شلوار قمیض ، پاجامہ، واسکٹ تھی جب کہ خواتین شلوار قمیض ، دوپٹہ یا چادر کا استعمال کرتی تھیں.

Q3. یونانیوں سےبرصغیر کے مقامی لوگوں نے کیا سیکھا.

Ans 1: یونانیوں نے برصغیر کےمسلمانوں نے علم فلکیات ، سکے بنانا، سنگ تراشی اور دیگر علوم سیکھے.

Q4. دراوڑوں کے زوال کے اسباب بیان کریں.

Ans 1: 1 - جنگجو اور وحشی آریہ گروہ 2- بارش کی اوسط شرح میں کمی

Q5. سیاست کی عمرانیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: سیاست کی ساخت، وظائف ، حکومتوں کا عروج و زوال، سیاسی تبدیلیاں اور تحریکیں اور معاشرتی ضبط کا مطالعہ کرنے والی برانچ کو سیاست کی عمرانیات کہتے ہیں.

Q6. انگریزوں کے ہندوستان میں چیدہ چیدہ انتظامی اقدامات تحریر کریں.

Ans 1: پولیس کے نظام کا قیام ، کورٹ ، کچہری اور عدالتوں کا قیام، ڈاک و ترسیل کےنظام کا قیام زمینوں کے معاملات کے لیے پٹواریو تحصیلداری نظام کا قیام.

Q7. منگول کس جغرافیائی خطہ میں پائے جاتے ہیں.

Ans 1: منگول نسل کے لوگ زیادہ تر وسطی ایشیاء میں پائے جاتے ہیں.

Q8. دراوڑوں کی کاشتکاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: دراوڑ لوگ گندم، جو، مٹر اور رائی کی کاشت کرتے تھے. چیتے، گینڈے، ہاتھی اور مگر مچھ جیسے جانوروں ان کی زندگی میں حائل ہوتے تھے.

Q9. پاکستانی تہذیب میں آریہ تہذیب کے اثرات بیان کریں.

Ans 1: 1 - آریاؤں نے دیہی زندگی کی بنیاد ڈالی اور چھوٹی چھوٹی بستیوں میں رہنے لگے. اسی طرز کی بستیاں آج بھی ہمارے معاشرہ میں مشاہدہ کی جاسکتی ہیں.

Ans 2: 2- زات پات کے نظام کی بنیاد آریاوں نے ڈالی جو کہ اج بھی مضبوط اورقائم ہے.

Q10. مختصرا بیان کریں کہ آسٹرکس کون تھے.

Ans 1: آسٹرکس بحیرہ روم کے خطے کے سفید فام باشندے ہینجن کے نسلی خواص اج بھی آسڑیلیا کے قدیم باشندس میں پائے جاتے ہیں . آسٹرکس آسڑیلیا میں صدیوں تک دنیا کے دوسرے معاشرے سے تن تنہا زندگی گزارتے رہے ہیں.